www.konkur.in

کد کنترل

410

F

410F

«اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.»
امام خمینی (ره)

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فنّاوری
سازمان سنجش آموزش کشور

عصر پنج‌شنبه
۱۳۹۹/۵/۲

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوستهٔ داخل ـ سال ۱۳۹۹

## زبان و ادبیات اردو ـ کد (۱۱۲۹)

تعداد سؤال: ۱۲۰ مدت پاسخ‌گویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شمارهٔ سؤالات

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شمارهٔ | تا شمارهٔ |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۴۶ | ۷۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.

این آزمون نمرهٔ منفی دارد.

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤالات به هر روش (الکترونیکی و...) پس از برگزاری آزمون، برای تمامی اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفین برابر مقررات رفتار می‌شود.

۱۳۹۹

forum.konkur.in

www.konkur.in



* داوطلب گرامی، عدم درج مشخصات و امضا در مندرجات جدول ذیل، به‌منزلهٔ عدم حضور شما در جلسهٔ آزمون است.

اینجانب ............................... با شمارهٔ داوطلبی ............................ با آگاهی کامل، یکسان‌بودن شمارهٔ صندلی خود را با شمارهٔ داوطلبی مندرج در بالای کارت ورود به جلسه، بالای پاسخ‌نامه و دفترچهٔ سؤالات، نوع و کد کنترل درج شده بر روی دفترچهٔ سؤالات و پائین پاسخ‌نامه‌ام را تأیید می‌نمایم.

امضا:

دستور زبان تخصصی اردو:

۱- درج ذیل کا کونسا فقرہ فعل ماضی شکیہ پر صادق نہیں آتا ہے؟

۱) بچیوں نے اپنے لئے چوریاں خریدی ہوں گی۔
۲) لڑکیوں نے ہاسٹل میں کھانے پکائے ہوں گے۔
۳) لڑکوں نے فٹبال کھیلتے رہیں گے۔
۴) طالب علم نے اپنا اپنا سبق گھر میں پڑھا ہوگا۔

۲- کونسا جملہ، اردو گرائمر کی رو سے صحیح ہے؟

۱) خدا جانے اب جوتے بھی کیسے بننے لگتے ہیں کہ چاپ بھی سنایا نہیں جاتا ہے۔
۲) اس نے دوڑ کر جھوٹ موٹ بال دینے کی کوشش کی۔
۳) انہوں نے بازار سے بہت سی کتابیں خرید چکی ہیں۔
۴) اگر دل لگا کر سبق پڑھا گیا تو میں امتحان میں اچھے نمبر حاصل کیے۔

۳- ذیل کے مصادر میں سے کونسے، مصادر جعلی میں شمار ہوتے ہیں؟

۱) لرزنا۔فرمانا
۲) بھولنا۔لکھنا
۳) لے جانا۔لکھوانا
۴) مار دینا۔کھالینا

۴- حروف اضافت کے استعمال کے پیش نظر، کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) اس لڑکیاں کی سہیلیاں سے پوچھو!
۲) میزیں پر بیٹھنا منع ہے۔ کرسیاں پر بیٹھو!
۳) وہ لڑکوں نے اپنا گھر میں سبق پڑھے ہیں۔
۴) الماریوں میں دیکھو! میرے کپڑوں پر دھول بیٹھی ہے۔

۵- ذیل کے فقرے میں کس زمان کے افعال کا استعمال ہوا ہے؟

" وقت گزرتا گیا۔ ویرانے آباد ہوتے گئے۔ بچوں کے قد بڑھتے گئے۔ باغ میں درختوں کی شاخیں پھیلتی گئیں۔ "

۱) ماضی استمراری
۲) ماضی سادہ
۳) ماضی بعید
۴) ماضی نقلی

۶- درج ذیل کا جملہ معلوم ہے۔اس کی صحیح مجہول صورت کونسی ہے؟

" مہمان صبح سے اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھے ہیں"

۱) مہمان صبح کو اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے۔
۲) مہمان صبح سے اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھائے جا رہے ہیں۔
۳) مہمان صبح سے اپنی اپنی کرسیوں پر سے اٹھائے جا رہے ہیں۔
۴) مہمان صبح سے اپنی اپنی کرسیوں کو اٹھا رہے ہیں۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۷- کونسا جملہ اردو گرائمر کی رو سے غلط ہے؟

۱) فعل کی نسبت سے فاعل کو جو نام دیا جائے وہ اسم فاعل ہے۔

۲) ایک توصیفی ترکیب میں صفت کا ذکر پہلا اور موصوف کا ذکر اس کے بعد ہوتا ہے۔

۳) ایک توصیفی ترکیب میں پہلا موصوف اور پھر صفت لکھی جاتی ہے۔

۴) ماضی مطلق کے آخر میں "ہوا" کا لفظ بڑھا دینے سے اسم مفعول بنتا ہے۔

۸- درج ذیل مصادر میں سے کونسے مصدر متعدی کے فعل ماضی مطلق کے ساتھ "نے" علامت فاعلی کی ضرورت ہے؟

۱) بُلانا ۲) بولنا ۳) بھولنا ۴) سونا

۹- کونسے جملے کا فعل مجہول نہیں ہے؟

۱) گاڑیوں میں پٹرول دلوایا جارہا ہے۔ ۲) طالب علموں کو سبق یاد کرایا جارہا ہے۔

۳) وہ اپنا سبق یاد کرتا جارہا ہے۔ ۴) کمزوروں پر ظلم ڈھایا جارہا ہے۔

۱۰- اردو گرائمر میں ماضی شرطیہ کے پیش نظر درج ذیل کا کونسا فقرہ ماضی شرطیہ میں شمار ہوتا ہے؟

۱) اگر تم اس پرندے کو اڑاؤ گے، تو وہ کسی دوسری چھت بیٹھ جائے گا۔

۲) اگر میں آرام سے گاڑی چلاؤں تو میری گاڑی صحیح رہتی ہے۔

۳) میرا بھائی آج میرے پاس آسکتا ہے۔ اگر اس کو گاڑی مل جائے گی۔

۴) اگر تمہارا بھائی جرمنی سے واپس آگیا ہوتا تو آپ دونوں مل کر اکرم کے گھر جاتے۔

۱۱- ذیل کے فقروں میں ترتیب وار "ٹہلتے ٹہلتے" اور "تھکا ہوا" اسم کی کس قسم میں شمار ہوتی ہیں؟

"ٹہلتے ٹہلتے باغ تک پہنچ گئے"

"میں تھکا ہوا بستر میں لیٹ گیا۔"

۱) اسم فاعل-اسم مفعول ۲) اسم حالیہ-اسم حالیہ

۳) اسم مصدر-اسم حالیہ ۴) کنایا اسم مصدر-اسم مفعول

۱۲- ذیل کے الفاظ میں سے کونسا لفظ جامد ہے؟

۱) بچت ۲) پڑھائی ۳) سکت ۴) کُرتا

۱۳- ذیل کے حروف کے بارے میں مذکورہ وضاحتوں میں مطلوبہ حرف کے پیش نظر کونسی وضاحت غلط ہے؟

"اے"- "بھی"- "نہ"- "ہی"

۱) "بھی" ایسا حرف عطف ہے جو دو الفاظ کے درمیاں میں آکر، مرکب بناتا ہے۔

۲) "اے" حرف ندا ہے۔

۳) "نہ" حرف نفی ہے۔

۴) "ہی" حرف تاکید ہے۔

۱۴- درج ذیل جملے کا فعل، افعال کی کس قسم میں شمار ہوتا ہے؟

"تم ان کے پیچھے بکواس بند نہیں کرتے رہو گے۔"

۱) فعل مستقبل شکیہ ۲) فعل ماضی سادہ

۳) فعل مستقبل استمراری ۴) فعل حال استمراری

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۵- درج ذیل فقروں میں سے کونسے فقرے میں حرف عطف کا استعمال ہوا ہے؟

۱) اس کے گھر بار بار دیر سے پہنچتا ہوں۔
۲) مولوی عبدالحق نے اردو زبان کی بڑی خدمت کی۔
۳) انہوں نے اپنا سب کچھ کاٹ کی خاطر وقف کر رکھا ہے۔
۴) شہید نے جرات وشجاعت کا بے مثال مظاہرہ کیا۔

۱۶- ذیل کے شعر میں فاعل ومفعول کی نشاندہی کیجیے۔

سرگذشت اپنی کس اندوہ سے شب کہتا تھا
سوگئے تم، نہ سنی آہ کہانی اس کی

۱) فاعل: شب - تم مفعول: سرگذشت - کہانی
۲) فاعل: کس - اپنی مفعول: آہ - شب
۳) جو فاعل: سرگذشت - تم مفعول: کہانی - اندوہ
۴) فاعل: شب - کہانی مفعول: سرگذشت - تم

۱۷- ذیل کے مرکبات میں سے کونسے مرکب کی وضاحت غلط ہے؟

۱) گرم پانی: صفت و موصوف (مرکب توصیفی)
۲) عید کا دن: مضاف و مضافٌ الیہ (مرکب اضافی)
۳) احمد و محمود: جار و مجرور (مرکب جاری)
۴) پانچ انگلیاں: عدد و معدود (مرکب عددی)

۱۸- وہ حروف جو ڈرانے، دھمکانے، خبردار کرنے کے موقع پر بولے جاتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں؟

۱) حروف تردید
۲) حروف تعجب
۳) حروف تخصیص
۴) حروف تنبیہ

۱۹- درج ذیل کے فقروں میں سے کونسا فعل ماضی بعید میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) میں نے چائے پیا تھا۔
۲) تم نے جھوٹی خبر کیوں دی تھی؟
۳) وہ وقت پر یہاں پہنچا تھا۔
۴) تو نے اسے دھوکا دیا تھا۔

۲۰- کونسی بات اسم مصغر کے بارے میں صحیح وضاحت پیش کرتی ہے؟

۱) اسم تصغیر بے جان اشیا کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
۲) اسم کے آخر سے "نا" ہٹا دینے سے، اسم مصغر بنتا ہے۔
۳) جو اسم چھوٹے پن کو ظاہر کرے، اسے اسم تصغیر کہتے ہیں۔
۴) جس اسم کو چھوٹا کر کے لکھا جائے، وہ اسم مصغر ہے۔

۲۱- درج ذیل ضمائر ترتیب وار کس کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

"کوئی" - "کون" - "جو" - "اپنا"

۱) تنکیری - تاکیدی - استفہام - موصول
۲) تنکیری - استفہام - موصول - تاکیدی
۳) اشارہ - تنکیری - استفہام - موصول
۴) اشارہ - موصول - استفہام - تنکیری

۲۲- ضمیر موصول کے پیش نظر کونسا فقرہ درست نہیں؟

۱) جو شہر سے آپ آئے ہیں، وہاں میرا دوست بھی رہتا ہے۔
۲) جن لوگوں نے نماز پڑھی ہے، وہ کھانے پر جائیں۔
۳) جس کا گھر قریب ہے، وہ پیدل جائے۔
۴) جو جی لگا کر پڑھتا ہے، وہ آخر میں خوش ہوتا ہے۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۲۳- ذیل کے فقرے کی صحیح ترکیب نحوی کونسی ہے؟

"رضوان ہنستا ہوا آیا۔"

۱) رضوان: مضافٌ الیہ ہنستا ہوا: مضاف آیا: فعل ماضی سادہ
۲) رضوان: معطوفٌ الیہ ہنستا ہوا: معطوف آیا: فعل ماضی سادہ
۳) رضوان: مُشار ہنستا ہوا: مشارٌ الیہ آیا: فعل ماضی سادہ
۴) رضوان: فاعل (قید) ہنستا ہوا: حال آیا: فعل ماضی سادہ

۲۴- ذیل کے فقروں میں ترتیب وار، حروف شرط اور جزائے شرط کی نشاندہی کیجیے:

"اگر ہم نے سفر جاری رکھا تو اپنی منزل پالیں گے۔"

"جو یہ شربت پیے گا سو یاد کرے گا۔"

"جب بھی مجھے دوست کی مدد کی ضرورت پڑی، تو وہ جلد حاضر ہوا۔"

۱) حروف شرط: اگر-جو-جب حروف جزائے شرط: تو-سو-تو
۲) حروف شرط: تو، ہم، سفر حروف جزائے شرط: رکھا، پیے، جلد
۳) حروف شرط: سو-تو-تو حروف جزائے شرط: سفر-شربت-دوست
۴) حروف شرط: تو-سو-تو حروف جزائے شرط: جاری-یاد-جلد

۲۵- کونسا فقرہ اردو گرائمر کی رو سے غلط ہے؟

۱) وہ سمندر میں تیر سکتا ہے۔
۲) میں اس کی مدد کر سکتا تھا۔
۳) بیماری کے سبب صائمہ تیزی سے چل نہ سکی۔
۴) آصف نے روانی سے انگریزی بول سکا۔

سایت کنکور
Konkur.in

متون تخصصی:

۲۶- ذیل کے محاورات کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

"چھیتڑے میں ملبوس" - "کوڑیوں کے مول بیچنا"

۱) "پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے" - "مفت میں بیچنا"
۲) "زربفت لباس پہنے ہوئے" - "کوڑا لے کر بیچنا"
۳) کشمیری شال پہن ہوئے - "مولی کاٹ کر بیچنا"
۴) ریشمی کپڑے پہنے ہوئے - کوڑا مار کر بیچنا"

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۲۷ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:**

"سپاہی رینگتا ہوا، دشمن کی چوکی کے بالکل قریب پہنچ گیا۔ اس نے اپنی کمر سے دستی بم نکالا اور دشمن کی چوکی پر دے مارا۔ دشمن اچانک حملے سے بوکھلا گیا۔ سپاہی اور اس کے ساتھی دونوں نے مل کر دشمن پر ہلّا بول دیا۔ قریب پہنچ کر اس نے سٹین گن سے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔"

forum.konkur.in

www.konkur.in



۲۷- مذکورہ بالا متن کی رو سے کونسی بات غلط ہے؟

۱) سپاہی اور اس کے ساتھی نے مل کر دونوں دشمن پر دھاوا مارا۔

۲) سپاہی نے قریب جا کر سٹین گن سے بے حساب فائرنگ شروع کر دی۔

۳) جب سپاہی نے دستی بم نکال کر دشمن کی چوکی پر دے مارا، تو دشمن نے اس سپاہی پر ہلّہ بول دیا۔

۴) سپاہی اپنے آپ کو زمین پر گھسٹ گھسٹ کر دشمن کی چوکی کے قریب پہنچ گیا۔

۲۸- ذیل کے فقرے میں سے کونسی بات مراد لی جاتی ہے؟

"نوعمر ہواباز جو پہلے چونکا ہو رہا تھا، سب کچھ بھانپ گیا۔"

۱) نوجواں ہواباز جو ہوشیار ہوا تھا، سب کچھ سمجھ گیا۔

۲) نوجوان ہواباز جو غلط فہمی میں مبتلا تھا، سب کچھ بھول گیا۔

۳) نوعمر ہواباز جو قصوروار ٹھہرا تھا، اسے حالات کا اندازہ ہو سکا۔

۴) نوعمر خلاباز جو پہلے سے پختہ کار سپاہی تھا، چھپ رہا۔

۲۹- ذیل کے محاورات کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

"تہیہ کر لینا"، "آفت کا پرکالہ"

۱) فراہم کرنا - بیماری پھیلانے والا

۲) انتظام کرنا - فتنہ انگیز

۳) کہیں سے خریدنا - بیمار جسم کا حصہ

۴) لڑائی کے لئے آمادہ ہونا - بیماری کے دوران

۳۰- ذیل کے فقرے میں "چڑچڑی" اور "جلی کٹی باتیں" کے ترتیب وار صحیح مفہوم کونسے ہیں؟

"میں شاید بہت چڑچڑی ہو گئی ہوں۔ پرسوں خواہ مخواہ ہی تو ان کی جلی کٹی باتوں کا جواب اس طرح دینے لگی۔"

۱) صاف باطن - سکوں بھری باتیں

۲) چڑیا کے مزاج والا آدمی - درمیان میں بولنے والا

۳) تنگدل - دل جلانے والی باتیں

۴) تنگ مزاج - غصے کی باتیں

۳۱- ذیل کی مثل کے صحیح مفہوم کی نشاندہی کیجیے:

"جتنا گڑ ڈالو گے اتنا میٹھا ہو گا"

۱) جتنا کسی چیز یا کام پر خرچ کرو گے وہ چیز اتنی ہی عمدہ ہو گی۔

۲) جس کام پر زیادہ توجہ نہ دو گے، وہ کام بہتر انجام پائے گا۔

۳) جس تن لاگے وہی جانے

۴) میٹھا اور بھر کٹوری

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۲ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

اس کے ماں باپ اس کو بچپن ہی میں داغ مفارقت دے گئے تھے۔ معلوم نہیں اس کی پرورش کس شخص نے کی تھی۔ بس وہ ایسے ہی ادھر ادھر کی ٹھوکریں کھاتا، اس عمر تک پہنچ گیا تھا اور ایک کارخانے میں ملازم ہو کر پچیس روپے ماہوار پر انتہادرجے کی افلاس زدہ زندگی گزار رہا تھا۔

۳۲- اس متن کی رو سے ذیل کے محاورات کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کی نشاندہی کیجیے:

"داغ مفارقت دے جانا" - "ٹھوکر کھانا"

۱) دل کا زخمی ہونا - مشکل میں پڑنا

۲) نشان لگانا - کھانا مانگنا

۳) وفات پانا - سختیاں جھیلنا

۴) اکیلا نہ رہنے دینا - ٹوکری میں ڈالنا

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۳۳- ذیل کے فقروں میں " ڈینگ مارنا" اور" جان کے لالے پڑنا" کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟
"ابو جہل اور اس کے ساتھی بہت ڈنگیں مارتے تھے، مگر جنگ بدر میں ان کا غرور خاک میں مل گیا۔"
" ایسی گھبراہٹ کے موقع پر سب کو اپنی جان کے لالے پڑے ہوئے تھے۔"

۱) شیخی بگھارنا - اپنی جان بچانے کی فکر ہونا
۲) تیر مارنا - بدن کا کانپنا
۳) ڈنک مارنا - جسم کا سُن ہو جانا
۴) تلوار مارنا - خطرہ لاحق ہونا

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۴ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:**

" کئی ماہ گزر گئے۔ اچانک ایک روز غروب آفتاب کے بعد ایک متحرک ہیولے کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ میں ڈر کے مارے کانپنے لگا۔ ورنہ میرا خوف دیکھ کر اس نے کئی بار میرے کان کھینچے ہوتے۔"

۳۴- اس عبارت میں "ہیولا" اور "کان کھینچنا" کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کی نشاندہی کیجیے:

۱) مہذب شخص - حوصلہ بڑھانا
۲) بے ڈول جسم - کان مروڑنا
۳) خوش وضع - کان کا علاج کرنا
۴) سڈول جسم - کان مروڑنا

۳۵- کونسی بات ذیل کی عبارت کے مفاہیم میں شامل ہے؟
" اس دفعہ نادر خاں نے پہل کی۔ رات کو گھر گھر جا کر بُلاوا دے آیا کہ کل شام کو میرے ہاں دعوت ہوگی۔

۱) نادر خاں سب کو آج صبح گھر میں پھل کھانے کی دعوت دی۔
۲) اس دفعہ نادر خان نے پہیلی سوجھی اور سب کو اس کے حل کرنے کی دعوت دی۔
۳) اس دفعہ نادر خاں بلاوے دیتے ہوئے میرے پاس دعوت پر آیا۔
۴) اس بار نادر خاں نے سب کو دعوت دینے کی ابتدا کی اور سب کو اپنے پاس دعوت دی۔

۳۶- ذیل کے کے محاورات کے صحیح مفاہیم ترتیب وار کونسے ہیں؟
**"خمیازہ بھگتنا" - "چھوٹا منہ بڑی بات"**

۱) اپنے کئے کی سزا پانا - اپنی حیثیت کے مطابق بات کرنا
۲) انگڑائی لینا - چھوٹے منہ سے بڑی آواز نکالنا
۳) کسی کو سزا دلوانا - منہ توڑ جواب دینا
۴) سب چیز بگاڑ دینا - اپنی بڑائی پر غرور کرنا

۳۷- کونسا مفہوم ذیل کی عبارت کے مفاہیم میں شامل نہیں؟
" کیا انسان سے انسان کا رشتہ اٹوٹ نہیں ہے جس کی خاطر ضرورت کے وقت پر دوسری قدر کو نظرانداز کیا جا سکتا ہے؟ اس سوال کا تسلی بخش جواب میرے بس کی بات نہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بعض نالائق افراد کو چھوڑ کر، عام طور پر ایک برادری میں انسانی تعلقات کی اہمیت اس درجہ زیادہ ہے کہ کسی کو نظرانداز کرنا مذموم عمل ہے۔"

۱) دوسروں کے ساتھ کے تعلقات کو کسی بھی وقت توڑا جا سکتا ہے اور یہ کسی صورت مذموم عمل نہیں۔
۲) انسانوں کے درمیاں کے تعلقات، توٹنے کا قابل نہیں ہے۔
۳) انسانوں کے درمیان کے رشتے اس قدر اہم ہیں کہ جن کو کسی بھی وقت نظرانداز کرنا، جائز نہیں۔
۴) نالائق افراد کے ساتھ کے تعلقات کی اہمیت زیادہ نہیں ہے۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۸ سے لے کر سوال نمبر ۳۹ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:**

" اس قدر تیز رفتاری، بائیسکل کی طبع نازک پر گراں گزری۔ چنانچہ اس میں یک لخت دو تبدیلیاں واقع ہو گئیں۔ ایک تو ہینڈل ایک طرف کو مڑ گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں جا تو سامنے کو رہا تھا لیکن میرا تمام جسم دائیں طرف کو مڑا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ بائیسکل کی گدی دفعتاً چھ انچ کے قریب نیچے بیٹھ گئی۔ چنانچہ جب پیڈل چلانے کے لیے میں ٹانگیں اوپر نیچے کر رہا تھا تو میرے گھٹنے میری تھوڑی تک پہنچ جاتے تھے۔ کمر دوہری ہو کر باہر کو نکلی ہوئی تھی اور ساتھ ہی اگلے پہیے کی اٹھکیلیوں کی وجہ سے سر برابر جھٹکے کھا رہا تھا۔"

۳۸- اس متن کے پیش نظر یہ بتایئے کہ ہینڈل مڑ جانے کی وجہ کیا تھی اور نتیجہ کیا ہوا؟

۱) ہینڈل تو بنا تھا نازک اس لئے زور لگانے سے وہ سائیکل سے علیحدہ ہو کر دائیں طرف سے باہر نکلا۔

۲) ہینڈل از خود ٹوٹ گیا تھا، اس کے نتیجے میں سائیکل کا رخ بائیں طرف مڑ گیا اور آگے کی طرف جانے کی بجائے دائیں طرف چلنے لگی۔

۳) ہینڈل پر زور لگانے سے وہ ایک طرف مڑ گیا، نتیجہ یہ ہوا کہ سامنے کی طرف جاتے ہوئے بھی، جسم سے اس بات کا پتہ نہیں چلتا تھا۔

۴) ہینڈل پر زور لگانے سے پاؤں میں دو تبدیلیاں آئیں، پہلا اس کے پاؤں کی ہڈی باہر نکلی، دوسری جسم دائیں طرف مڑ گیا۔

۳۹- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

۱) ہینڈل از خود ٹوٹ گیا تھا۔

۲) سائیکل کے اگلے پہیے کی اٹھکیلیوں کی وجہ سے سر برابر جھٹکے کھا رہا تھا۔

۳) سائیکل کا رخ بائیں طرف مڑ گیا تھا۔

۴) میں کمر سیدھی رکھ کر سائیکل پر قابو پانے کی کوشش میں تھا۔

۴۰- ذیل کے محاورات کے ترتیب وار کے محاورات کے صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

" چربہ اُتارنا" - " جڑیں جمانا" - " نقش بٹھانا"

۱) نقل اتارنا - بنیاد ڈالنا - رعب جمانا

۲) نقل مارنا - جڑیں اُکھاڑنا - ڈرانا

۳) چرب کرنا - جڑ جوڑنا - متاثر ہونا

۴) چربی کے اثر کو صاف کرنا - جڑ پکڑنا - ڈاثر چھوڑنا

۴۱- ذیل کے الفاظ کے ترتیب وار، مترادف الفاظ کونسے ہیں؟

" لونڈی" - " گن" - " روشنی" - " جگمگاہٹ"

۱) غلام - تعریف - اندھیراپن - بوسیدہ

۲) کنیز - ہنر - اجالا - چمک دمک

۳) لڑکا - فن - مرکب - دمک

۴) کنیز - توصیف - اجالا - مدھم

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۴۲ سے لے کر سوال نمبر ۴۳ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:**

" بڑی مصیبتوں سے ہتھوڑے کا سراغ نکالا اور میخ گڑنے کی نوبت آئی۔ اب چچا یہ بھول بیٹھے ہیں کہ ماپنے کے بعد میخ گاڑنے کو دیوار پر نشانہ کس جگہ کیا تھا۔ سب باری باری کرسی پر چڑھ کر کوشش کر رہے ہیں کہ شاید نشان نظر آ جائے۔ ہر ایک کو الگ الگ جگہ نشان دکھائی دیتا ہے۔ چچا سب کو باری باری الو، گدھا کہہ کر کرسی سے اتر جانے کا حکم دے رہے ہیں۔"

۴۲- مذکورہ بالا متن کے پیش نظر یہ بتائیں کہ ترتیب وار " گڑنا" ، "ماپنا" اور " گاڑنا" کے صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

۱) دبانا - گننا - رگڑنا

۲) نیچے آ پڑنا - ماننا - مٹی اور پانی کو ملانا

۳) دبنا - پیائش کرنا - ٹھونکنا

۴) نکالنا - پیائش - مارنا

سایت کنکور Konkur.in

www.konkur.in



۴۳- کونسا فقرہ مذکورہ بالا متن کے مفاہیم سے مربوط نہیں؟

۱) چچا کو بیٹھے ہوئے میخ گاڑنے کی صحیح جگہ کا پتہ چلا۔

۲) ہتھوڑا ملا تو دیوار پر کیل لگانے کا وقت آیا۔

۳) چچا یہ بات بھول گئے تھے کہ میخ کہاں گاڑنا ہے۔

۴) چچا کے پاس کے تمام لوگوں کو میخ گاڑنے کی صحیح جگہ کا پتہ نہیں تھا۔

۴۴- ذیل کے الفاظ کے متضاد ترتیب وار کونسے الفاظ ہیں؟

کٹھن - ادھورا - سچ - قدامت پسند

۱) آسان - نکما - جھوٹا - پرانا
۲) آسان - ناقص - حقیقت - پرانا
۳) سہل - تاریک - عارضی - قدیم
۴) سہل - پورا - جھوٹ - جدت پسند

۴۵- ذیل کی عبارت میں " تار و پود بکھر جانا " اور " جھٹ پٹے " کے ترتیب وار مفاہیم کیا ہیں؟

" یہ وہ مقام ہے جہاں سلطنتوں کے تار و پود بکھر گئے اور زوال و اقبال دونوں ایک جا ایسے ملے اور جدا ہو گئے جیسے جھٹ پٹے میں دونوں وقت ملتے اور جدا ہوتے ہیں۔ عجیب اتفاق ہے کہ اردو شاعری کے جدید انقلاب نے بھی اسی معرکہ خیز سرزمین میں جنم لیا۔ "

۱) تار تار ہو جانا - سرِ شام یا صبح کے تڑکے کی تاریکی
۲) بُننے کا عمل - بہت جلدی میں
۳) ریزہ ریزہ ہو جانا - کڑی دھوپ کا وقت
۴) تاروں کا محو ہو جانا - سردیوں میں شام کا وقت ÷

<u>ادبیاتِ منظوم:</u>

۴۶- ذیل کے شعر میں کس بات کی طرف صریح اشارہ ملتا ہے؟

قُرب میں ہے نہ بُعدِ یار میں تھا — جو مزہ اس کے انتظار میں تھا

۱) یار سے دور رہنے کا مزہ اور ہے۔
۲) یار کے قرب میں بڑا لطف ہوتا ہے۔
۳) یار کا انتظار بڑا لطف انگیز ہوتا ہے۔
۴) یار کے قرب، بعد اور وصل میں لطف ملتا ہے۔

۴۷- ذیل کے شعر میں کونسی شعری صنعتیں ملتی ہیں؟

کارگاہِ دنیا کی نیستی بھی ہستی ہے — اک طرف اجڑتی ہے، ایک سمت بستی ہے

۱) تشبیہ - تضاد
۲) تضاد - تلمیح
۳) مراعات النظیر - جناس مرکب
۴) ایہام - مجاز مرسل

۴۸- کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم سے الگ ہے؟

تری نازکی سے جانا، کہ بندھا تھا عہد بودا — کبھی تو نہ توڑ سکتا، اگر استوار ہوتا

۱) شاعر نے بڑی خوبصورتی سے اپنے محبوب کو عہد شکنی کے الزام سے بچا کر اپنے دل کو تسلی دی ہے۔

۲) ہم نے تمہاری نزاکت سے یہ اندازہ لگا لیا کہ تم نے جو ہم سے عہد کیا ہے وہ مضبوط نہیں ہے

۳) اگر تمہارا عہد مضبوط ہوتا تو تم جیسے نازک شخص سے وہ ہرگز ٹوٹ نہ سکتا تھا۔

۴) تم بہت مزاح کرتے ہو اس لئے تمہارا عہد بھی کبھی سنجیدہ نہیں ہوتا ہے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۴۹- ذیل کے اشعار میں مرکزی خیال کیا ہے؟

خدا سے حسن نے یہ سوال کیا جہاں میں کیوں نہ مجھے لازوال کیا

ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا شب دراز عدم کا فسانہ ہے دنیا

۱) محبوب کا حسن لازوال ہے۔
۲) دنیا کی ہر چیز فانی و زوال پذیر ہے۔
۳) دنیا زوال ناپذیر ہے۔
۴) دنیا میں خوبصورت محبوب فسانہ نہیں۔

۵۰- کونسا شعر، ذیل کے شعر کے ساتھ، مفہوم کے اعتبار سے قریب قریب ہے؟

دیکھو تو چشم یار کی جادو نگاہیاں بے ہوش اک نظر میں ہوئی انجمن تمام

۱) دیکھا کئے وہ مست نگاہوں سے بار بار جب تک شراب آئی، کئی دور ہو گئے
۲) مسلماں کو مسلماں کر دیا طوفان مغرب نے تلاطم ہائے دریا ہی سے ہے گوہر کی سیرابی
۳) یہ بات ذوق نظر کی ہے، لوگ کیا سمجھیں جمال یار کا پہلو کدھر نہیں ہوتا
۴) یہ کیا نشہ ہے؟ میں کس خمار میں ہوں وہ آ کے چلا بھی گیا ہے میں انتظار میں ہوں

۵۱- ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

قفس ہے بس میں تمہارے، تمہارے بس میں نہیں چمن میں آتش گل کے نکھار کا موسم

۱) اس کو گلستاں کے پھولوں کو آگ لگنے کا خیال ہے۔ لیکن مجھے قفس میں رہتے ہوئے چمن جانے کا اختیار بھی نہیں۔
۲) یہ قفس اور بس! کوئی دوسری چیز نہیں۔ چمن میں پھولوں کا موسم بھی نہیں۔
۳) اس چمن میں پھولوں کے رنگ کو آگ لگانے پر تمہارا اختیار نہیں۔
۴) اے بلبل قفس کا ماحول تمہارے بس میں ہے۔ لیکن گلستاں میں پھولوں کی رنگا رنگی کا موسم تمہارے بس میں نہیں۔

۵۲- ذیل کے شعر میں کونسی شعری صنعتیں موجود ہیں؟

خاک آئینہ سے ہے نام سکندر روشن روشنی دیکھتا، گر دل کی صفائی کرتا

۱) توشیح - ایہام ۲) ایہام - تجنیس ۳) تلمیح - مراعات النظیر ۴) تضاد - تلمیح

۵۳- ذیل کے شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی نشاندہی کیجیے:

اب ٹوٹ گریں گی زنجیریں، اب زندانوں کی خیر نہیں جو دریا جھوم کے اٹھے ہیں، تنکوں سے نہ ٹالے جائیں گے

۱) مشبہ: زنجیر - زنداں مشبہ بہ: دریا - لوگ
۲) مشبہ: لوگ - دشمن مشبہ بہ: دریا - تنکے
۳) مشبہ: دریا - تنکے مشبہ بہ: دشمن - لوگ
۴) مشبہ: دریا - زنداں مشبہ بہ: لوگ - زنجیر

۵۴- کونسی شعری اصطلاح کی وضاحت صحیح نہیں؟

۱) قافیہ اصطلاح میں اس متقل کلمے کو کہتے ہیں جو ردیف کے بعد آتا ہے۔
۲) ردیف اصطلاح میں ایک مستقل لفظ ہوتا ہے جو کسی شعر یا مصرعے کے آخر میں آتا ہے۔
۳) غزل کے سب سے پہلے مقفی شعر کو مطلع کہا جاتا ہے۔
۴) وہ آخری شعر جس پر غزل یا نظم کا خاتمہ ہو اور اس میں عام طور پر شاعر کے تخلص کا ذکر ہوتا ہے، مقطع کہا جاتا ہے۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۵۵- کونسے شعر کا مرکزی خیال دوسرے اشعار سے الگ ہے؟

۱) محبت نے ظلمت سے کاڑھا ہے نور — نہ ہوتی محبت، نہ ہوتا ظہور

۲) کیوں نہ تیری محبت سے منور جان و دل — شمع جب روشن ہوئی، گھر میں اجالا کردیا

۳) یوں مسکرائے کہ جان سی کلیوں میں پڑ گئی — یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنادیا

۴) عشق سے تیرے بڑھے کیا کیا دلوں کے مرتبے — مہر ذروں کو کیا، قطروں کو دریا کردیا

۵۶- ذیل کے شعر میں کس وجہ سے دنیا کو کو مہمان سرا سے تشبیہ دی گئی ہے؟

مہمان ہیں ہم، مہمان سرا ہے یہ نگری — مہمانوں کو مہمان سرا کچھ کہتی ہے

۱) چونکہ یہ دنیا بہت چھوٹی ہے اور اس میں ہم سماتے نہیں۔

۲) چونکہ یہ دنیا عارضی منزل ہے اور ہمیں مہمان کی طرح اس میں سے اٹھ کر جانا ہے۔

۳) چونکہ یہ دنیا بُری چیز ہے اور ہمیں بُری چیز کے ساتھ رہنا مناسب نہیں۔

۴) چونکہ وہ اس مہمان سرا کا مالک ہے، وہ ہمیں اس میں رہنے کی اجازت نہیں دیتا ہے۔

۵۷- کونسی وضاحت ذیل کے شعر کے صحیح مفہوم کی وضاحت ہے؟

تاب نظارہ نہیں، آئینہ کیا دیکھنے دوں — اور بن جائیں گے تصویر جو حیران ہوں گے

۱) اسے آئینہ دیکھنے کی طاقت اس لیے نہیں کہ اس میں اُس کا حقیقی چہرہ معلوم ہوگا اور وہ شرم کے مارے حیرت میں مبتلا ہو جائے گا۔

۲) اسے اپنی خوبصورتی کا اندازہ ہوگا تو صرف آئینہ دیکھتا رہے گا۔ ایسے میں کیوں اسے آئینہ دیکھنے دوں؟

۳) اسے آئینہ دیکھنے کا موقع میسر ہے۔ خوف ہے کہ آئینے میں اپنی تصویر دیکھ کر میری طرح وہ بھی حیران رہ جائے گا۔

۴) مجھے تو اپنے محبوب کا رخ پر انوار دیکھنے کی طاقت نہیں، اسے کیوں آئینہ دیکھنے دوں؟ آئینہ دیکھ کر تو وہ اور بھی حسین ہو جائے گا۔

۵۸- مسمط کیسی صنف شعر ہے؟

۱) وہ نظم جو غزل کی ہیئت میں لکھی جاتی ہے اور اس کے اشعار کی تعداد کی حد نہیں۔

۲) وہ نظم ہے جس کے ہر شعر کا قافیہ الگ ہوتا ہے اور اس کے اشعار کی تعداد ۹ سے ۱۵ ہے۔

۳) وہ نظم ہے جس کے زوج کے مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

۴) وہ نظم جس کا ہر بند، مقررہ تعداد کے مصرعوں پر مشتمل ہو۔ جب کہ اس کے ہر شعر کا قافیہ الگ ہوتا ہے۔

۵۹- کونسا شعر مرزا غالب کے طنز و ظرافت اور شوخی فکر کا آئینہ دار نہیں؟

۱) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا؟

۲) واعظ نہ تم پیو! نہ کسی کو پلا سکو — کیا بات ہے تمہارے شراب طہور کی

۳) سوزش باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں — دل محیط گریہ ہے، لب آشنائے خندہ ہے

۴) کہا میں نے بزم ناز چاہئے غیر سے تہی — سن کے ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ یوں!

۶۰- مرزا یاس یگانہ چنگیزی کس نام کے طور پر مشہور ہیں؟

۱) غالب شکن ۲) انقلابی شاعر ۳) آزاد نظم کا بانی ۴) اردو شاعری کا خاقانی

forum.konkur.in

www.konkur.in



۶۱- کونسا فقرہ ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں ؟

ملک سجدہ نہ کرتے آدم خاکی کو، گر اس کی امانت دار نور احمدی ہوتی نہ پیشانی

۱) آدم کی پیشانی پر کوئی نور نہ تھا اس لئے فرشتے اس کے سامنے سجدہ گزار نہ تھے۔

۲) آدم کی خلقت کے بعد فرشتوں نے اس کو سجدہ کیا۔

۳) آدم خاکی کی پیشانی امانت دار نور احمدی (ص) ہے۔

۴) فرشتوں نے اس لئے آدم کو سجدہ کیا کہ اس نے روز ازل سے آنحضرت (ص) کی رسالت کے سامنے سجدہ ریز تھا۔

۶۲- مضمون کے پیش نظر کونسی صنف نظم ہے جس میں شہر کے مختلف طبقوں کی مجلسی زندگی کے کسی پہلو، یا شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہوتا ہے؟

۱) ریختی ۲) واسوخت ۳) قصیدۂ ہجویہ ۴) شہر آشوب

۶۳- صنعت حسن تعلّی کی صحیح وضاحت کونسی ہے؟

۱) جب شاعر اپنی شاعری میں، اپنے محبوب کی دوری سے تنگ آ کر اظہار درد و رنج کرتا ہے، اس کو تعلی کہا جاتا ہے۔

۲) جب شاعر اپنی شاعری میں مختلف امور کے بارے میں اپنی دلائل پیش کرتا ہے، جب کہ وہ اصل وجوہات نہیں ہوتی ہیں، اس کو تعلی کہا جاتا ہے۔

۳) جب شاعر اپنے کلام میں، شاعرانہ طرز پر اپنے آپ کو دوسروں سے برتر اور بہتر سمجھتا ہے، اس عمل کو تعلّی کہا جاتا ہے۔

۴) جب شاعر اپنے محبوب کو دوسروں سے بہتر دکھانے کے لئے دلائل پیش کرتا ہے، اس کو تعلی کہا جاتا ہے۔

۶۴- وہ کونسی صنعت معنوی ہے جس میں شعر کی بنیاد، ذو معنی لفظ پر رکھی جاتی ہے اور شاعر کی مراد، معنی بعید ہوتی ہے نہ دور؟

۱) ایہام ۲) استعارہ ۳) مجاز ۴) تجنیس

۶۵- کونسی بات حسرت موہانی کی شاعری پر صادق آتی ہے؟

۱) انیسویں صدی کے آخر میں غزل کے دور ہی میں، حسرت نے جدید نظم کی بنیاد ڈالی۔

۲) حسرت اور دوسرے شعرا نے بیسویں صدی میں یعنی جدید نظم کے دور میں پھر سے اردو غزل کی آبرو قائم کی۔

۳) حسرت نے ماقبل اور ہمعصر شعرا کے کلام سے کسی صورت میں فیض نہیں اٹھایا۔

۴) حسرت نے فیض احمد فیض کے ساتھ مل کر غزل کی صنف میں شاعری کرنے کو چھوڑ دیا۔

۶۶- ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟

تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا، نہ وہ دنیا یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

۱) مراعات النظیر - ایہام ۲) تجنیس - لف و نشر غیر مرتب

۳) تضاد - لف و نشر مرتب ۴) مجاز - تشبیہ

۶۷- ذیل کے شعر کے مفہوم کے پیش نظر محبوب کا کونسا عمل معتبر نہیں ہوتا ہے؟

ترے وعدے پہ جئیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

۱) محبوب کی جان نا معتبر ہوتی ہے۔ ۲) محبوب کی خوبصورتی عارضی اور نا معتبر ہوتی ہے۔

۳) محبوب کا وعدہ بڑا بے اعتبار ہوتا ہے۔ ۴) محبوب کی خوشی اور موت نا معتبر ہوتی ہے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۶۸- ذیل کے شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی نشاندہی کیجیے:

وہ کارواں کہ جو منزل پہ اپنی جا پہنچا
اسی کے پیچھے رواں صورت غبار ہوں میں

۱) مشبہ: غبار مشبہ بہ: مسافر
۲) مشبہ: مسافر مشبہ بہ: غبار
۳) مشبہ: کارواں مشبہ بہ: منزل
۴) مشبہ: منزل مشبہ بہ: کارواں

۶۹- کونسے اجزاء قصیدے کے اجزائے ترکیبی میں شمار نہیں ہوتے ہیں؟

۱) حسن طلب- دعا ۲) تشبیب- گریز ۳) مدح- دعا ۴) رزم- بین

۷۰- ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

مقسوم کا جو ہے وہ پہنچے گا آپ سے
پھیلایئے نہ ہاتھ نہ دامن پساریئے

۱) جو تمھاری قسمت میں ہے، وہ از خود پہنچے گا، سوال کرنے کی ضرورت نہیں۔
۲) قسمت کرنے والا از خود پہنچے گا، ہاتھ پاؤں پھیلانے کی ضرورت نہیں۔
۳) ہاتھ پھیلانا اور دامن پسارنا ہی تمھاری قسمت میں ہے، کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔
۴) مقسوم سینکڑوں بار آپ کے لئے پہنچے گا، ہاتھ پاؤں پھیلا کے بیٹھ جاؤ!

۷۱- مجید امجد کو جدید اردو شعرا میں کن کن ناموں سے یاد کیا جاتا ہے؟

۱) ترقی پسند نظریات اور معاشرت کا نقیب
۲) خاقانی ہند اور نئے تجربات کا شاعر
۳) حیرتوں اور اُداس لمحوں کا شاعر
۴) رومانوی مناظر کا خالق اور عارفانہ حیرتوں کا شاعر

۷۲- کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

۱) چونکہ میں رنج اٹھانے کا عادی ہو گیا ہوں اس لئے وہ خود بخود آسان ہوتی چلی گئیں یعنی میں خوگر آلام ہو گیا ہوں۔
۲) جب انسان رنج اٹھانے کا عادی ہو جاتا ہے تو رنج کا احساس جاتا رہتا ہے۔
۳) مجھ پر اتنی مشکلیں اور مصیبتیں آئیں جس کی کوئی حد نہیں ہے۔
۴) میرے لئے کوئی مشکل نہیں۔ میں ہر مشکل کو آسانی سے ختم کرتا ہوں۔

۷۳- درج ذیل کی عبارت، کونسے شاعر کا سب سے بڑا وصف ہے؟

"رنگ تغزل میں اس کا کلام، اس چیز سے پاک ہے جس کو تصوف یا عشق حقیقی سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کا کلام خالص عشقیہ شاعری ہے۔"

۱) حفیظ جالندھری ۲) مؤمن خاں مؤمن ۳) ولی دکنی ۴) علامہ اقبال

۷۴- غزل کی زمین سے مراد کونسی بات ہے؟

۱) کسی خاص بحر اور خاص ردیف و قافیے میں جو غزل کہی جاتی ہے، وہ اس غزل کی زمین کہلاتی ہے۔
۲) کسی خاص تقریب اور میلے کی مناسبت سے جو غزل کہی جاتی ہے، وہ اس غزل کی زمین کہلاتی ہے۔
۳) غزل کے اجزائے ترکیبی میں، آخری شعر کو غزل کی زمین کہتے ہیں۔
۴) غزل کی زمین وہی تشبیب ہے جس میں عشق و عاشقی اور جوانی کی باتوں کا ذکر ہوتا ہے۔

۷۵- کونسی صنعت شعری، مبالغہ کی اقسام میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) اغراق ۲) تبلیغ ۳) تضمین ۴) غلوّ

forum.konkur.in

www.konkur.in



ادبیات منثور:

۷۶- کونسی بات سر سید احمد خان کی علمی اور ادبی خدمات میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) سر سید احمد خان نے سنہ ۱۸۷۵ء میں علی گڑھ کالج کی بنیاد رکھی۔

۲) سر سید احمد خان نے اعظم گڑھ میں ایک عظیم ادارہ "دارالمصنفین" قائم کیا۔

۳) سر سید احمد خان نے سنہ ۱۸۷۰ء میں علمی و ادبی رسالہ "تہذیب الاخلاق" جاری کیا۔

۴) سر سید احمد خان نے آثار الصنادید کی کتاب تالیف کی۔

۷۷- کونسی کتاب مولانا الطاف حسین حالی کی سوانح عمریوں میں شمار ہوتی ہے؟

۱) حیات جاوید ۲) سیرت النبی ۳) لبتی ۴) سوانح مولانا روم

۷۸- کونسا ناول، تاریخی ناولوں کے زمرے میں آتا ہے؟

۱) مراۃ العروس ۲) امراؤ جان ادا ۳) توبۃ النصوح ۴) فردوس بریں

۷۹- کونسی بات سوانح نگاری کی خصوصات میں شمار نہیں ہوتی؟

۱) سوانح نگار کے لیے ضروری ہے کہ اس کے اپنے ہیرو سے ذاتی تعلقات بھی ہوں۔

۲) سوانح نگار کو اپنے ہیرو سے متعلق مکمل واقفیت ہونی چاہیے۔

۳) سوانح نگار کو اپنے ہیرو سے ہمدردی نہیں ہونی چاہیے۔

۴) سوانح نگار کو تاریخی تعصب سے بالاتر رہنا چاہیے۔

۸۰- یہ وہ نثری صنف ہے جو غیر افسانوی ادب کے زمرے میں آتی ہے؟

۱) سوانح عمری ۲) ڈرامہ ۳) ناول ۴) داستان

۸۱- ملا وجہی کی سب رس کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟

۱) ملا وجہی نے سب رس کی کہانی محمد قلی قطب شاہ کی فرمائش پر تصنیف کی۔

۲) سب رس بنیادی طور پر ایک تمثیلی قصہ ہے۔

۳) سب رس کی کہانی در اصل ایک عربی داستان سے ماخوذ ہے۔

۴) سب رس کی کہانی کا اسلوب سادہ و سلیس ہے۔

۸۲- کونسی بات ناول اور افسانے میں مشترکہ طور پر پائی جاتی ہے؟

۱) ناول اور افسانے میں منظر نگاری ہوتی ہے۔

۲) ناول اور افسانے میں کردار نگاری ہوتی ہے۔

۳) ناول اور افسانے میں مکالمہ نگاری ہوتی ہے۔

۴) ناول اور افسانے میں اختصار کی پابندی کی ضروری ہوتی ہے۔

۸۳- وہ کونسی صنف نثر ہے جس میں ایک شخص کی زندگی اور شخصیت کے اختصار کے ساتھ جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ، اس کے افکار و افعال اور محاسن و نقائص اجاگر ہوتے ہیں؟

۱) خاکہ نگاری ۲) مضمون نگاری ۳) ڈراما نگاری ۴) منظر نگاری

۸۴- اردو داستانوں میں عام طور پر ہیرو اور ہیروئن کے کردار کس نوعیت کے ہوتے ہیں؟

۱) حقیقت پسندانہ کردار ہوتے ہیں۔

۲) معیاری اور مثالی کردار ہوتے ہیں۔

۳) انقلابی اور تغیر پسند ہوتے ہیں۔

۴) ڈرپوک اور پسماندہ کردار ہوتے ہیں۔

سایت کنکور
Konkur.in
forum.konkur.in

www.konkur.in



۸۵- کونسے افسانہ نگار کے افسانوں میں پنجاب کے دیہاتوں کی رومانوی فضا اور دلکش مناظر کا عکاسی ملتی ہے؟

۱) احمد ندیم قاسمی　۲) ممتاز مفتی　۳) رشید احمد صدیقی　۴) شبلی نعمانی

۸۶- کونسی صنف، مزاح نگاری کے حربوں میں شمار ہوتی ہے؟

۱) نثر لطیف　۲) تمثیل　۳) علامت　۴) پیروڈی

۸۷- کونسی بات ناول کے بارے میں صحیح نہیں؟

۱) ناول میں حقیقت نگاری کی بڑی اہمیت ہے۔

۲) ناول کا موضوع انسانی زندگی ہے۔

۳) ناول میں فرضی، خیالی اور مافوق الفطرت امور کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔

۴) ناول کے تمام کردار عام انسان ہوتے ہیں۔

۸۸- رپورٹ اور رپورتاژ میں سب سے بڑا فرق کونسا ہے؟

۱) رپورٹ میں پیش کیئے جانے والے واقعات لکھنے والے کے نقطہ نظر کے بغیر ہوتے ہیں، جب کہ رپورتاژ میں مصنف کے تخیل کا بڑا دخل ہوتا ہے۔

۲) رپورٹ میں رپورٹر چشم دید واقعات و مشاہدات کو اپنی داخلی کیفیت کے ساتھ پیش کرتا ہے، جبکہ رپورتاژ میں ان دیکھے واقعات کی خبر پیش کی جاتی ہے۔

۳) رپورتاژ میں صداقت اہم نہیں، بلکہ صرف اندرونی جذبات کو شامل کرنا اہم ہے، جبکہ رپورٹ میں اندرونی جذبات کو بھی شامل کرنا ضروری ہوتا ہے۔

۴) رپورتاژ میں مستقبل اور حال کے واقعات شامل ہوتے ہیں، جبکہ رپورٹ میں ماضی و مستقبل کے واقعات کا ذکر ہوتا ہے۔

۸۹- قدیم دور کے ڈراما نگاروں میں، کونسے ڈراما نگار نے اس صنف کو تصنع سے پاک کرکے زندگی کے حقیقی روپ سے آشنا کرنے کی کوشش کی؟

۱) مرزا محمد ہادی رسوا　۲) طالب بنارسی　۳) شاہد احمد دہلوی　۴) عابد علی عابد

۹۰- مذکورہ ذیل کرداروں میں سے کونسے کردار مزاحیہ کردار نہیں ہے؟

۱) مرزا ظاہر دار بیگ　۲) خوجی　۳) چچا چھکّن　۴) انار کلی

۹۱- افسانہ "اور کوٹ" میں ایک معاشرے میں کونسے بنیادی تضاد کو اجاگر کیا گیا ہے؟

۱) نوجوانوں میں تخیل کی بلندی　۲) فقر و غربت

۳) منافقت اور دوغلاپن　۴) مغربی تمدن کے اثرات

۹۲- اردو کے تاریخی ناول نگاروں میں کس نے اس کی بنیادی ڈالی؟

۱) عبدالحلیم شرر　۲) پریم چند　۳) نذیر احمد　۴) سجاد ظہیر

۹۳- کونسے مصنف کی نثری تخلیقات میں رومانویت، تخیل کی فروانی اور شدت جذبات کا اعلیٰ ترین مظہر ملتا ہے؟

۱) محمد حسن عسکری　۲) کلیم الدین احمد　۳) الطاف حسین حالی　۴) ابوالکلام آزاد

۹۴- مندرجہ ذیل کے کونسے اصلاحی ناول میں، گھریلو زندگی، سلیقہ شعاری اور ہنرمندی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے؟

۱) فردوس بریں　۲) ابن الوقت　۳) امراؤ جان ادا　۴) مرات العروس

۹۵- اردو خطوط نویسی میں، غالب کے خطوط بہت اہم سمجھے جاتے ہیں، ان خطوط کی سب سے اہم خصوصیت کونسی ہے؟

۱) غالب کے خطوط میں نہ روائتی القاب و آداب ہیں اور نہ لفاظی اور نہ مسجّع و مقفیٰ طرز تحریر۔

۲) غالب کے خطوط میں اسلوب پر تکلّف اور پیچیدہ ہے۔

۳) غالب کے خطوط میں مکتوب نگار کی شخصیت کی پاکیزگی، اعتدال اور خلوص کی جھلک نظر نہیں آتی ہے۔

۴) غالب کے خطوط میں بلند پروازی، رومانویت اور تخیل پردازی زوروں پر ہے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۹۶- کونسی کتاب، تقابلی تنقید کے زمرے میں شامل ہے؟

۱) غبار خاطر　۲) مقدمہ شعر و شاعری　۳) موازنہ انیس و دبیر　۴) سیرت النبی (ص)

۹۷- کونسی بات انشائیہ کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) انشائیے کا اسلوب نرم و لطیف ہوتا ہے۔ متانت اور سنجیدگی کے بوجھ کی برداشت، اس کے بس کی بات نہیں۔

۲) انشائیے میں طوالت اور تفصیل کا اہتمام بڑی ضروری بات ہے۔

۳) انشائیہ نگار زندگی کے مثبت اور منفی پہلوؤں کو مد نظر رکھتا ہے اور ان سے یکساں دلچسپی اور لگاؤ رکھتا ہے۔

۴) انشائیے میں کائنات کی ہر چیز انشائیہ نگار کے ماتھے کا جھومر ہے۔ ہر شے اس کا موضوع ہے۔

۹۸- پلاٹ کی تعریف کے پیش نظر، کونسی بات صحیح ہے؟

۱) داستان، ناول اور افسانے میں مختلف واقعات کی کڑیوں کو ملانے کے فن کا نام پلاٹ ہے۔

۲) پلاٹ میں خیالات، تصورات اور تخیل کو تخلیق کار کی زبان کی وساطت سے قارئین تک پہنچایا جاتا ہے۔

۳) کسی ماحول، منظر، واقعہ، کیفیت، فرد سے وابستہ معلومات، تفصیلات اور کوائف کے بیان اصطلاحاً پلاٹ کہا جاتا ہے۔

۴) حیات بشری کی مکمل تصویر کشی کو پلاٹ کہا جاتا ہے۔

۹۹- کونسا ادیب مزاح نگار شمار ہوتے ہیں؟

۱) واجد علی شاہ　۲) پطرس بخاری　۳) آغا حشر کاشمیری　۴) بانو قدسیہ

۱۰۰- کونسی تصنیف میرزا اسد اللہ خان غالب کے خطوط کا مجموعہ شمار ہوتا ہے؟

۱) سخندان فارس　۲) دستنبو

۳) قاطع برہان　۴) عود ہندی

## تاریخ ادبیات اردو:

سایت کنکور
Konkur.in

۱۰۱- اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے باقاعدہ طور پر قصیدہ نگاری کو فن کی حیثیت سے بلندیوں پر پہنچا دیا؟

۱) مولانا محمد حسین آزاد　۲) شیخ غلام علی مصحفی　۳) مرزا محمد رفیع سودا　۴) میر مہدی مجروح

۱۰۲- کونسی بات لکھنؤ کے دبستان شاعری کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) اس دبستان کے شعرا عموماً اپنا سارا زور قافیہ پیمائی پر صرف کرتے تھے۔

۲) شاعری میں رعایت لفظی اور ایہام کا بے تحاشا استعمال۔

۳) شاعری میں فارسی و عربی کی بے جوڑ تراکیب کا استعمال۔

۴) سادہ و عام فہم الفاظ و تراکیب کا استعمال۔

۱۰۳- مذکورہ ذیل تصنیفات میں سے کونسی تصنیف ملا وجہی کی تصنیفات میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) طوطی نامہ　۲) سب رس　۳) قطب مشتری　۴) تاج الحقائق

۱۰۴- کونسے شعرا کے رنگ اپنانے پر مرزا غالب دہلوی کے کلام میں تشبیہیں نیچرل اور موزوں ہیں اور مضامین خیالی کے بجائے حالی ہوتے ہیں؟

۱) شیفتہ اور حسرت　۲) بیدل اور صائب　۳) عرفی اور نظیری　۴) حالی اور شبلی

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۰۵- ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کب اور کس کی صدرات میں منعقد ہوئی؟
۱) ۱۹۳۶ء میں پریم چند کی صدرات میں منعقد ہوئی۔
۲) ۱۹۳۶ء میں سجاد ظہیر کی صدرات میں منعقد ہوئی۔
۳) ۱۹۳۲ء میں پریم چند کی صدرات میں منعقد ہوئی۔
۴) ۱۹۳۴ء میں رشید جہاں کی صدرات میں منعقد ہوئی۔

۱۰۶- کونسی بات ولی دکنی کی شاعرانہ خصوصیات میں شامل نہیں؟
۱) صوفیانہ تصورات کا ذکر
۲) نشاطیہ آہنگ
۳) قنوطیت اور یاس و حرمان
۴) زبردست لسانی شعور

۱۰۷- الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی کے علمی خدمات کے پیش نظر کونسی بات غلط ہے؟
۱) الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی دونوں نے اردو ادب میں علمی تنقید کی بنیاد ڈالی۔
۲) الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی دونوں نے مل کر اردو ادب میں مضمون نگاری کی بنیاد ڈالی۔
۳) الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی دونوں نے سوانح نگاری کی بنیاد ڈالی۔
۴) الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی دونوں نے علمی نثر کا تعارف کرکے، علمی و جذباتی نثر کا امتزاج بھی پیش کیا۔

۱۰۸- کونسے شاعر ایہام گو شعر میں شمار ہوتے ہیں؟
۱) مؤمن خان مؤمن - حسرت موہانی
۲) شاکر ناجی - شیخ ظہور الدین حاتم
۳) غواصی - نصرتی
۴) فضل علی فضلی - فراق گورکھپوری

۱۰۹- شیخ امام بخش ناسخ کی اردو زبان کے سلسلے میں خدمات کے پیش نظر، کونسی بات صحیح ہے؟
۱) ناسخ نے زبان میں ابتذال و بدزبانی کی خصوصیات کو شامل کر دیا۔
۲) ناسخ اردو زبان کے لئے پہلی بار "ریختہ" کے نام کا استعمال کیا۔
۳) ناسخ نے اردو الفاظ و اسماء کی تانیث و تذکیر میں خاص قاعدہ پیش کیا۔
۴) ناسخ نے اردو میں ہندی تلمیحات کا دل کھول کر استعمال کیا۔

۱۱۰- علامہ اقبال کی شاعری کا کونسا دور سب سے مختصر ہے؟
۱) علامہ اقبال کی شاعری کا دوسرا دور: ۱۹۰۵-۱۹۰۸ کے دورانیے پر مشتمل ہے اور دیگر ادوار سے مختصر ہے۔
۲) علامہ اقبال کی شاعری کا دوسرا دور: ۱۹۰۸-۱۹۲۴ کے دورانیے پر مشتمل ہے اور بہ نسبت دیگر ادوار سے مختصر ہے۔
۳) علامہ اقبال کی شاعری کا دوسرا دور: شروع شاعری سے لے کر ۱۹۰۵ کے دورانیے پر مشتمل ہے اور دیگر ادوار سے مختصر ہے۔
۴) علامہ اقبال کی شاعری کا دوسرا دور: ۱۹۲۴-۱۹۳۸ کے دورانیے پر مشتمل ہے اور دیگر ادوار سے مختصر ہے۔

## ترجمہ متون سیاسی، فرہنگی، ادبی و اجتماعی:

۱۱۱- درج ذیل فارسی عبارت کی صحیح اردو ترجمے کی نشان دہی کیجیے۔
"سربازان به مواضع دشمن فرضی حمله کرده و با موفقیت تمام به پایگاه خود بر گرشته اند."
۱) سپاہی دشمن کے ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے پوری کامیابی کے ساتھ اپنے مورچوں کی طرف واپس آئے۔
۲) فوجی جوان خیالی دشمن کے ٹھکانوں پر وار کرتے ہوئے تمام کامیابی کے ساتھ اپنے مورچوں میں لیٹ گئے۔
۳) فوجی جوان خیالی دشمن کے ٹھکانوں پر حملہ کرکے پوری کامیابی کے ساتھ اپنے فوجی اڈے لوٹ گئے ہیں۔
۴) سپاہی دشمن پر دھاوا بول کر پوری کامیابی کے ساتھ اپنے گھروں کی طرف واپس آئے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۱۲- درج ذیل فارسی اصطلاحات کی ترتیب وار اردو متبادل اصطلاحات کی نشاندہی کیجیے۔

"کودتای نظامی"- "شورای امنیت"- "دیوان عالی کشور"- "تحریم"

۱) مارشل لا۔ سلامتی کونسل۔ سپریم کورٹ۔ پابندی
۲) مارشل لا۔ صحت کونسل۔ کورٹ۔ حرمت
۳) کرفیو۔ سلامتی کونسل۔ کورٹ۔ پابندی
۴) کرفیو۔ صحت کونسل۔ سپریم کورٹ۔ حرام کرنا

۱۱۳- درج ذیل فارسی اشعار کا اردو منظوم ترجمہ کونسا ہے؟

"دشت های بی در و پیکر / سر برآوردن گل از درون برف / تاب نرم رقص ماهی در بلور آب / بوی خاک عطر باران خورده کهسار / خواب گندم زارها در چشمه مهتاب"

۱) کھلے وسیع بیابان / برف کے اندر سے پھولوں کا امڈ آنا / بلورین پانی میں ناچتی گاتی ہوئی مچھلیاں / پہاڑوں کے چوٹیوں پر بارش کے بعد مٹی کی سوندھی سوندھی خوشبو / سورج کے چشموں میں گیہوں کے کھیتوں کی لہلہاہٹ

۲) کھلے وسیع بیابان / برف کے اندر سے پھولوں کا امڈ آنا / پانی کے بلور میں ناچتی پھرتی مچھلیاں / پہاڑوں پر بارش کے بعد مٹی کی سوندھی سوندھی خوشبو / چاندی کے چشموں میں گیہوں کے کھیتوں کی لہلہاہٹ

۳) کھلے وسیع میدان / برف کے اندر سے پھولوں کا اگ آنا / پانی کے پنجرے میں ناچتی بل کھاتی ہوئی مچھلیاں / پہاڑوں پر بارش کے بعد مٹی کی خوشبو / چاندی کے چشموں میں مکی کے کھیتوں کی لہلہاہٹ

۴) کھلے وسیع میدان / برف کے اندر سے پھولوں کا اگ آنا / پانی کے بلور میں ناچتی / بل کھاتی ہوئی مچھلیاں / پہاڑوں پر بارش کے بعد مٹی کی سوندھی سوندھی خوشبو / چاندی کے چشموں میں گیہوں کے کھیتوں کی لہلہاہٹ

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۴ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:**

"کراچی کے علاقہ طارق روڈ پر دکانداروں نے کسٹمز کے چھاپے کے خلاف احتجاجاً سڑک بند کردی جس کے باعث اطراف کے علاقوں میں ٹریفک شدید جام ہو گیا۔ کسٹمز حکام کے مطابق خفیہ اطلاع پر طارق روڈ پر واقع شاپنگ مال میں غیر قانونی اسمگل شدہ کپڑے کی موجودگی کی اطلاع پر چھاپہ مارا گیا تو وہاں سے لاکھوں روپے مالیت کا اسمگل شدہ کپڑا برآمد ہوا۔ کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ چھاپے کے دوران اسمگلنگ میں ملوث دکانداروں نے ٹیم پر حملہ کیا اور انہیں کارروائی سے روکنے کی بھی کوشش کی جبکہ اس دوران کسٹم اہلکاروں اور مارکیٹ کے چوکیداروں میں فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔"

۱۱۴- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مختلف حصوں کے فارسی ترجموں کے پیش نظر غلط ہے؟

۱) بدلیل اعتراض مغازه داران ترافیک شدیدی بوجود آمد۔
۲) تیم بازرسان گمرک، تعدادی از مغازه داران را زخمی و دستگیر کردند۔
۳) افسران بازرسی گمرک و نگهبانان بازار اقدام به تیراندازی بسوی همدیگر کردند۔
۴) مغازه داران، از بازرسی کارمندان گمرک جلوگیری کردند۔

۱۱۵- درج ذیل فارسی تراکیب کی اردو متبادل تراکیب کی نشاندہی کیجیے:

"انتخابات میان دوره"- "رد صلاحیت شده"- "نامزد انتخاباتی"- "سرشماری نفوس"

۱) وسط مدتی انتخابات، نااہل، امیدواری، مردم شماری
۲) وسط مدتی انتخابات، اہل، امیدوار، مردم شماری
۳) وسط مدتی انتخابات، نااہل، امیدوار، مردم شماری
۴) وسط مدتی انتخابات، نامراد، امیدواری، مردم شماری

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۱۶- درج ذیل متن میں "نام نہاد اسلامی فوجی اتحاد برائے انسداد دہشت گردی" کا فارسی ترجمہ کونسا ہے؟

" ریاض میں سعودی عرب کی قیادت میں نام نہاد اسلامی فوجی اتحاد برائے انسداد دہشت گردی کے وزرائے دفاع کا پہلا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ اس نام نہاد فوجی اتحاد میں کئی اسلامی ممالک شریک نہیں ہیں۔"

۱) اتحاد مبارزہ با تروریسم کشورہای اسلامی

۲) ائتلاف نام آشنای نظامی اسلامی مبارزہ با تروریسم

۳) اتحاد نظامی کشورہای اسلامی قربانی تروریسم

۴) ائتلاف نظامی اسلامی بہ اصطلاح مبارزہ با تروریسم

۱۱۷- درج ذیل فارسی اصطلاحات کی اردو متبادل ترتیب وار کونسی ہیں؟

"تجدید نظر" - "مجلس قانون گذار" - "تابعیت" - "توافق نامہ"

۱) نظر ثانی۔ قانون ساز ادارہ۔ شہری۔ سمجھوتا

۲) نظر ثانی۔ قانون ساز اسمبلی۔ شہری۔ سمجھوتا

۳) نظر ثانی۔ قانون ساز اسمبلی۔ شہریت۔ سمجھوتا

۴) نظر ثانی شدہ۔ قانون ساز اسمبلی۔ شہریت۔ سمجھوتا

۱۱۸- درج ذیل فارسی الفاظ کے صحیح اردو متبادل ترتیب وار کونسے ہیں؟

"انبار" - "بازار سبزی" - "شغال" - "فشنگ مشقی"

۱) گودام۔ سبزی منڈی۔ گیدڑ۔ ربڑ کی گولیاں

۲) گودام۔ لنڈا بازار۔ بھیڑیا۔ ربڑی گولیاں

۳) گودام۔ سبزی منڈی۔ بھیڑیا۔ ربڑ کی گولیاں

۴) گودام۔ لنڈا بازار۔ گیدڑ۔ ربڑی گولیاں

۱۱۹- نیچے دیے گئے اردو فقروں کا صحیح فارسی ترجمہ کونسا ہے؟

" ظہر کے وقت گرمی کی تمازت ہمارے سروں پر آگ برساتی اور پاؤں کے تلوؤں کو جھلسا دیتی تھی۔ اس کے باوجود ہم باز نہیں آتے تھے اور بار بار پانی کے مٹکے کے پاس بھاگتے اور ٹھنڈا پانی پی آتے تھے۔ "

۱) گرمای داغ بعد از ظہر، سرمان را گیج می کرد و کف پاہایمان را می سوزاند۔ با این حال از رو نمی رفتیم۔ آرام می دویدیم سمت کوزہ و آب خنک می خوردیم۔

۲) گرمای سوزان سر ظہر، سرمان را داغ می کرد و کف پاہایمان را داغ می کرد۔ با این حال از رو نمی رفتیم۔ گاہی می دویدیم و از شیر، آب خنک می خوردیم۔

۳) گرمای سوزان سر ظہر، سرمان را داغ می کرد و کف پاہایمان را می سوزاند۔ با این حال از رو نمی رفتیم۔ راہ بہ راہ می دویدیم سر کوزہ و آب خنک می خوردیم۔

۴) گرمای داغ بعد از ظہر، سرمان را بہ درد می آورد و کف پاہایمان را داغ۔ از حال می رفتیم و راہ بہ راہ می دویدیم سر کوزہ و آب خنک می خوردیم۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۲۰- درج ذیل فارسی فقرے کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

**" وی بر اہمیت سازمان ہمکاری اقتصادی اکو تاکید کرد و گفت این سازمان فرصتی طلایی برای غلبہ بر موانع بازرگانی، سرمایہ گذاری، تجاری و ترانزیتی بین دو کشور است "**

۱) انہوں نے ایکو اقتصادی تعاون تنظیم کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یہ تنظیم دونوں ممالک کے درمیان کاروباری، سرمایہ کاری، تجارتی اور ٹرانزٹ کی روکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سنہری موقع ہے۔

۲) انہوں نے ایکو تعاون تنظیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوتے کہا کہ یہ فدریشن دو ممالک کے درمیان کاروباری، سرمایہ کاری، تجارتی اور ٹرانزٹ کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے انوکھی موقع ہے۔

۳) وہ ایکو اقتصادی تنظیم کے سربراہ سے مخاطب ہوکے کہا کہ یہ تنظیم دونوں ممالک کے درمیان کاروباری، سرمایہ کاری، تجارتی اور ٹرانزٹ کی حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سنہری موقع ہے۔

۴) ایکو اقتصادی تعاون تنظیم سے مخاطب ہوکے انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ یہ تنظیم دونوں ممالک کے درمیان کاروباری، سرمایہ کاری، تجارتی اور ٹرانزٹ کی موجودہ رکاوٹوں کے لیے انوکھی موقع ہے۔

سایت کنکور
Konkur.in

forum.konkur.in